سوال

(4) کیا اللہ تعالیٰ مومن کے دل میں سما سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی ایسی حدیث ہے جس کا مفہوم یہ ہو: "اللہ تعالیٰ کسی چیز میں نہیں سما سکتا سوائے مومن کے دل کے۔" (ابو حمید الساعدی عبدالصمد الرفیقی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تلاش بسیار کے باوجود مجھے یہ روایت، حدیث کی کسی کتاب میں نہیں ملی۔ اسماعیل بن محمد العجلونی الجراحی (متوفی 1162ھ) کی کتاب "

"کشف الخفاء ومزیل الإلباس عما اشتہر من الاَحادیث علی اَلسنة الناس" (ج 2 ص 195 ح 2206)

میں اس مفہوم کی بعض مرویات کا تذکرہ موجود ہے۔ صاحب کتاب نے امام عراقی وغیرہ سے نقل کیا ہے کہ یہ روایت بے اصل ہے۔ نیز دیکھئے "ضعیف اور موضوع روایات" ج 1 ص 77 تصنیف: مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ (رحمة اللہ علیہ) (الحدیث: 9)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد 1۔ کتاب العقائد۔ صفحہ 54

محدث فتویٰ